شمع شبستانِ رضا

مکمل 7 حصے



اعلیحضرت عظیم البرکت اور دیگر اکابر اہلِ سنّت

کے مجموعہ عملیات کا لاجواب انتخاب

مرتبہ

اقبال احمد نوری

قادری رضوی کتب خانہ۔ لاہور

اعلیٰحضرت عظیم البرکت اور دیگر اکابر اہلِ سنّت کے مجموعہ

عملیات کا لاجواب انتخاب

یعنی



شمع شبستان رضا

مکمل سات حصے

مرتبہ

اقبال احمد نوری

قادری رضوی کتب خانہ

گنج بخش روڈ، لاہور 042-7213575

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب	....	شمع شبستان رضا مع مجموعہ اعمال رضا (مکمل سات حصے)
مرتب	....	اقبال احمد نوری
اشاعت بار اوّل	....	رمضان ۱۴۳۲ھ بمطابق اگست 2011ء
تصحیح	....	سید ابوالحسن شاہ محمد قادری (بہاول پور)
کمپوزنگ	....	الہجویری گرافکس
پروف ریڈنگ	....	علامہ مولانا حافظ عبدالاحد قادری
صفحات	....	885
سرورق	....	فیض گرافکس، دربار مارکیٹ لاہور
زیر نگرانی	....	چوہدری محمد خلیل قادری
تحریک	....	چوہدری محمد مختار احمد قادری
ناشر	....	چوہدری عبدالمجید قادری
تعداد	....	1100

فہرست

ضروری التماس:۔ معزز قارئین! ہماری تمام مطبوعات دین حنیف اسلام کے فروغ کی ترویج، مسلک اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی نوراللہ مرقدہ کے احیاء کے لئے ہیں۔

قارئین کی خدمت میں گذارش ہے کہ ہماری مطبوعات میں خدانخواستہ قرآن وسنت کے خلاف کوئی چیز پائیں تو ازراہ کرم ادارہ کو اطلاع دیں تاکہ درستگی کی جائے، ادارہ کی طرف سے ایسے سقم کو کالعدم سمجھیں، ہم اپنی ذمہ داری کے پیش نظر ایسی کسی بھی غلطی پر معذرت خواہ اور اللہ عزوجل اور اس کے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں معافی کے خواستگار ہیں۔ اللہ کریم حق سمجھنے، حق پہنچانے، حق پر عمل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین بجاہ سید المرسلین

چوہدری عبدالمجید قادری

پرانے زہریلے زخم خصوصاً سرطان کا لاجواب مرہم

سنگِ جراحت ۲ ماشہ، دانہ الائچی ۳ ماشہ، سفیدہ کافور ٦ ماشہ، سفیدہ کاشغری ۵ ماشہ، پرانا ٹاٹ سوختہ کی راکھ ایک تولہ، پوست ہلیلہ ۵ ماشہ، انزروت ۳ ماشہ، کسی حلال جانور کے جلے ہوئے بالوں کی راکھ ۳ ماشہ، افیون ۳ ماشہ، موم خالص ۵ ماشہ۔

ترکیب: پہلے افیون کو سرسوں کے روغن میں حل کر لیں، پھر موم پگھلائیں اور یہ حل کیا ہوا روغن اس میں ملائیں۔ پھر باقی دوائیں جو پہلے خوب باریک پیس کر رکھ لی گئی ہوں ملا دیں بس مرہم تیار ہے۔ اور پھایہ بنا کر زخم پر لگائیں۔ یہ مرہم کنٹھ مالا کے لیے بھی اکسیر ہے۔

ضروری ہدایات:

کنٹھ مالا کے مریض کو مرہم کے ساتھ ۵ عدد منڈی صبح اور ۸ عدد شام کو پانی کے ساتھ تین ماہ تک کھلاتے رہنا کنٹھ مالا کے اثر کو جڑ سے اکھاڑ کر پھینک دیتا ہے اور ہلکے بخار میں جو کنٹھ مالا کے سبب قائم ہو جاتا ہے جاتا رہتا ہے اور مریض بالکل تندرست ہو جاتا ہے۔

اکسیر شکم

یہ گولیاں ہیضہ، درد شکم، باؤ گولہ، بدہضمی، ضعف معدہ، بھوک کی کمی میں اسم با مسمّٰی ہیں۔ بنا کر مریضوں پر استعمال کیجیے اور دعائیں لیجیے۔ نسخہ یہ ہے، مدار کا پھول منہ بند سہاگہ بریان، پودینہ خشک، فلفل سیاہ، لونگ، سونٹھ، نمک سیاہ سب ایک ایک تولہ سب باریک پیس لیجیے اور پیستے وقت چند قطرے پانی ڈالتے جایئے یہ دوا جتنی باریک پسے گی اتنی ہی زود اثر ہوگی۔ اتنا پیسے کی مثل میدہ ہو جائے۔ لیس پیدا ہو کر گولی باندھنے کے قابل ہو جائے۔ چنے کے برابر بنا لیں۔ بعد غذا یا جب ضرورت ہو گرم پانی سے کھلائیں۔

پیٹ کے کیڑے

پیٹ کے کیڑے مارنے کا بے نظیر نسخہ: پلاس پاپڑ ۳۱ ماشہ، تخم کرنجوا ۳۱ ماشہ، اجوائن پوربی ۳ ماشہ، کمیلہ ۳ ماشہ، بائبڑنگ ۳ ماشہ، ان سب دواؤں کو خوب باریک پیس کر قند سیاہ ۳ تولہ میں جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائی جائیں۔ مریض کو ایک گولی روزانہ شکر کے شربت کے ہمراہ کھلائیں۔ پیٹ کے سب کیڑے مر کر نکل جائیں گے اور آئندہ کے لیے ان کی پیدائش بند ہو جائے گی۔ دوا کم از کم ۱۵ روز تک بلا ناغہ سوتے وقت کھلائی جائے۔